© rasailojaraid.com



**علامہ کیرانویؒ** | الحق میں اب کی بار مدرسہ صولتیہ مکہ مکرمہ اور اس کے بانی مولانا کیرانوی کے بارہ میں مقالہ نے دل کی کھسک بڑھا دی مجھے مرحوم کی اولاد اور کچھ مدت ہم نشینی کا شرف حاصل ہے

حکیم غلام حبیب ملتانوی ۔ مکھڈ ۔ ضلع اٹک

**اسلام کی جامعیت** | مئی کا الحق ملا کچھ خیالات پیش کرنے کی جرأت کرتا ہوں ۔ دنیا میں اسطرح کوئی ملک، نہیں آتا جن کا اپنا اقتصادی اور مادی انتظام نہ ہو بغیر اقتصادی نظام کے ناممکن ہے ۔ اسلام روحانی تعلیم پر زور دیتا ہے ۔ مگر اس کے اقتصادی اور مادی انتظام سنبھالنے کے پہلو بھی اجاگر کرنے چاہئیں ہم پاکستان میں اسلامی نظام کے قیام کے لئے بات زکوٰۃ اور عدلیہ تک ۔ کیوں محدود رکھتے ہیں ۔ اگر نہیں تو ہمارے اور دیگر نظاموں میں کیا فرق ہے ۔

ایم احمد ۲۱ ۔ ہملٹن ۔ کینیڈا ۔

**صحافت اور علماء دیوبند** | الحق فروری / مارچ میں آپ کا مقالہ علماء دیوبند اور میدانِ صحافت قابلِ ستائش ہے ۔ اللہ تعالیٰ تکمیل کی توفیق فرمائے ۔ ایک اہم رسالہ الفاروق اردو کا نام رہ گیا ہے ۔ اس کے بانی و مدیر علامہ سید احمد شاہ بخاریؒ فاضلِ دیوبند تھے ۔ ۱۹۵۶ء تا ۱۹۶۰ء یہ رسالہ رفض و بدعت کی تردید میں لاجواب تھا ۔ چوکیرہ ضلع سرگودھا سے نکلتا تھا ۔

ملک نور محمد ہائی سکول شورکوٹ ۔ جھنگ

آپ کی مرتب کردہ فہرست میں اضافہ کیلئے عرض ہے کہ سید ابو معاویہ ابو ذر بخاری کی ادارت میں پندرہ روزہ الاحرار عرصہ سات سال مسلک اہلِ سنت بالخصوص دیوبندی مکتب کا ترجمان ہے ۔ اسی طرح تحریک طلباء اسلام کا سہ ماہی آرگن تحریک ۔ سید کفیل بخاری میں شائع ہو رہا ہے ۔ نمونتہً دونوں شماروں کے کچھ پرچے بھی ارسال ہیں ۔

عباس نجمی عبداللطیف خالد چیچہ وطنی ۔ ساہیوال

**حق پسندی** | حق کی آواز الحق کے ذریعہ بلند کرنے والا سوچ اور دل رکھنے والوں کا حلقہ جس قدر وسیع ہوتا جائے گا ۔ وہ جسے خواب علامہ اقبالؒ نے دیکھا تھا شرمندۂ تعبیر ہو کر رہے گا ۔

سید اسناد حسین باغ آزاد کشمیر

الحق کلمہ حق بلند کرنے کی جو خدمات انجام دے رہا ہے ۔ دل سے ہدیۂ تبریک قبول فرمائیں حضرت شیخ الحدیث مدظلہٗ زادہ اللہ تشریفاً وتکریماً نے کلمہ حق عند سلطان جائر کی جو مثالیں پیش کی ہیں قابلِ مثال ہیں اللہ تعالیٰ سب کو اجرِ جزیل عطا فرمائے ۔

عزیز زبیدی وار برٹن ۔ شیخوپورہ

**افغان مجاہدین** | یہ جان کر بے حد مسرت ہوتی ہے کہ افغان مجاہدین کے اکثر زعماء اور سرفروشوں کا تعلق دارالعلوم حقانیہ سے ہے اور حضرت شیخ الحدیث کے شاگردوں میں شامل ہیں ۔ ہمارے ہاں ملتان میں مجاہدین اور مہاجرین کے حق میں فضا ہموار ہو رہی ہے ۔

قاسم نیازی فیضل میڈیکل سٹور ۔ ملتان



© rasailojaraid.com